DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 05.10.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تعلیم ہر ترقی کی بنیاد اساتذہ خود کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کریں گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کر دیا سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | وزیر اعلیٰ پارٹی کو نظر انداز کر کے دوسروں کو نواز رہے ہیں، علی حسن زہری۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | وزیر اعلیٰ پنجاب کا بیان غیر ذمہ دارانہ اور مضحکہ خیز ہے، صادق عمرانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | خانوزئی میں 12 ایکڑ پر جدید سہولیات کا آراستہ ہسپتال تعمیر کیا جائے گا، وزیر صحت بخت کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | سیکیورٹی انتظامات مکمل ہوتے ہی بارڈر کراسنگ بحال کر دی جائے گی، آئی جی ایف سی میجر جنرل بلال سرفراز۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | امریکہ کو پسنی میں جدید بندرگاہ تعمیر کرنے کی پیشکش۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | میٹروپولیٹن کی غیر قانونی تعمیرات کے خلاف موثر کارروائیاں شروع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان میں امن کے لیے شہداء کی جانوں کا نظرانہ قابل ستائش ہے، آئی جی پولیس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ملازمین کو حقوق کی بروقت فراہمی اولین ترجیح ہے، چیف جسٹس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان زرعی صارفین کی سولر انرجی پر منتقلی کا منصوبہ مکمل زمینداروں کا برقی آلات کی واپسی سے انکار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | گوادر میں پانی کا بحران حل شادی کور ڈیم سے فراہمی شروع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ایل ولی سے سیکورٹی واپس لینا غیر جمہوری طرز عمل ہے، اے این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | مشتاق احمد خان نے مسلم امہ کا سر فخر سے بلند کر دیا، مولانا ہدایت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | فارم 47 کی حکومت کا کوئی فیصلہ قبول نہیں، پشتونخواہ میپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | صوبے کے حالات کے پیش نظر اپوزیشن رہنماؤں کی حکومت کو تازیانے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

پشین میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، خضدار سیکرٹری فورسز کی کارروائی فتنہ الہندوستان کے 14 دہشت گرد ہلاک 20 زخمی، ڈیرہ مراد جمالی کلرک کالونی میں مکان پر دستی بم سے حملہ، دالبندین کرودک پوسٹ پر مسلح افراد کا حملہ دو اہلکاروں کا اسلحہ چھین لیا، تمبو میں قبائلی تصادم فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق دو زخمی۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**شیرانی: فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے علاقے شیرانی میں سکیورٹی فورسز کی بروقت اور بہادرانہ کارروائی نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کے جوان وطن کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ کارروائی بھارتی پراسی کے طور پر سرگرم دہشت گردوں کے خلاف کی گئی، جس کے دوران سات دہشت گرد ہلاک اور بھاری مقدار میں اسلحہ و بارود برآمد ہوا۔ یہ واقعہ پاکستان کو درپیش اندرونی اور بیرونی سازشوں کی تعین کو نمایاں کرتا ہے۔ دشمن عناصر نہ صرف سرحدوں پر بلکہ ملک کے اندر بھی انتشار اور بدامنی پھیلانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ تاہم پاکستانی افواج اور سکیورٹی ادارے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ان سازشوں کو ناکام بنا رہے ہیں۔ جوانوں کی قربانیاں ہماری قومی بقا اور سلامتی کی ضمانت ہیں۔ پہلگام واقعہ اور پھر معرکہ حق میں شکست کے بعد سے بھارت پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی کوششیں کر رہا ہے۔ بھارت کی جانب سے خاص طور پر بلوچستان کو ہدف بنایا جا رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ قوم یکجہتی اور استقامت کا مظاہرہ کرے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فورسز کی نہیں بلکہ پوری قوم کی اجتماعی جدوجہد ہے۔ دشمن کے عزائم کو ناکام پانے کے لیے حرام اور اداروں کو ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہوگا۔ شیرانی میں آپریشن ایک پیغام ہے کہ پاکستان این سلامتی پر کوئی جوہ نہیں کرے گا اور دہشت گردی کی ہر کوش کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ **اداریے :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان اسمبلی نے پرنس فہد ہسپتال دالبندین استحقاق سے متعلق قوانین منظور کر لیا**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Proper management" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ___ Dated: 05 OCT 2025 Page No. ___


## تعلیم ہر ترقی کی بنیاد، اساتذہ خود کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کریں، گورنر

**"ماں" سے بہتر کوئی استاد آج تک پیدا نہیں ہوا، والدین کی تعلیم و تربیت بہت انمول ہے، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اسٹوڈنٹس کے روشن مستقبل کیلئے اچھے اساتذہ کی ضرورت ہوتی ہے لیکن "ماں" سے بہتر کوئی استاد آج تک پیدا نہیں ہوا ہے اور والدین کی تربیت و تعلیم بہت انمول ہیں لہٰذا آپ بھی اپنے بچوں پر بھرپور توجہ دیں ایک بات تو بہت واضح ہے کہ تعلیم ہر ترقی کی بنیاد ہے۔ اساتذہ کیلئے بھی ضروری ہے کہ اپنے آپ کو جدید تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کریں اور اپنے ذہنوں کو علم و دانش سے روشن کریں۔ یہ بات انہوں نے وائلڈر نیس اسکول اینڈ کالج کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر اسفندیار کاکڑ، صوبائی سیکرٹری حفیظ طاہر، ڈائریکٹر وائلڈر نیس اسکول اینڈ کالج ارم غازی، پرنسپل محمد ندیم شیخ، پرنس احمد علی اور ڈاکٹر امیر محمد جوگیزئی سمیت والدین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔



کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل نجی اسکول اینڈ کالج کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## تعلیم ہی ترقی کی بنیاد ہے اساتذہ خود کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کریں، گورنر بلوچستان

**موجودہ دور میں کمپیوٹر سائنسز، ریسرچ اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس جیسے جدید شعبوں کی اہمیت و افادیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے**

**جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نصاب پر توجہ مرکوز رکھی جائے، شیخ جعفر خان مندوخیل کا نجی سکول میں منعقدہ تقریب سے خطاب**



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نجی سکول کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ طلباء کے روشن مستقبل کیلئے اچھے اساتذہ کی ضرورت ہوتی ہے لیکن "ماں" سے بہتر کوئی استاد آج تک پیدا نہیں ہوا ہے، والدین کی تربیت و تعلیم بہت انمول ہے لہٰذا آپ بھی اپنے بچوں پر بھرپور توجہ دیں ایک بات تو واضح ہے کہ تعلیم ہی ترقی کی بنیاد ہے اساتذہ کیلئے بھی ضروری ہے کہ اپنے آپ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کریں اور اپنے ذہنوں کو علم و دانش سے روشن کریں یہ بات انہوں نے وائلڈر نیس ........

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اسکول اینڈ کالج کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر اسفندیار کاکڑ، صوبائی سیکرٹری حفیظ طاہر، ڈائریکٹر وائلڈر نیس اسکول اینڈ کالج ارم غازی، پرنسپل محمد ندیم شیخ، پرنس احمد علی اور ڈاکٹر امیر محمد جوگیزئی سمیت والدین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ طالب علموں کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کیلئے تعلیم کے ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں کی بھی اشد ضرورت ہے کیونکہ غیر نصابی سرگرمیاں بھی تعلیم کا حصہ ہیں۔

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 40 روپے

جلد 54 — اتوار 11 ربیع الثانی 1447ھ 5 اکتوبر 2025ء — نمبر 272

# زہری میں سیکورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کر دیا، سرفراز بگٹی

## ریاست اور اس کے عوام امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرنیوالی ہر قوت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں، ایکس پر بیان

## اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی بنیاد ہیں، ان کی محنت، لگن اور کردار کا اعتراف کرنا ہمارا اخلاقی اور قومی فریضہ ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن/ اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار کے علاقے زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ان کے ٹھکانے تباہ کر دیئے۔

سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز مل کر وطن دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ریاستِ پاکستان اور اس کے عوام ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرنے والی ہر قوت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بہادر عوام اور جوانوں نے ہمیشہ مادرِ وطن کی حفاظت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں۔ مجھے اپنے جوانوں اور عوام کی جرات و بہادری پر فخر ہے۔ وزیر اعلیٰ کہا کہ خضدار میں سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دشمن کے ناپاک عزائم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی۔ بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر وطن کے دفاع میں ایک ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر آگے بڑھ رہا ہے اور حکومت بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف اپنی پالیسی پر مزید مضبوطی سے عمل پیرا رہے گی۔ دریں اثناء اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی بنیاد ہیں، جن کی بدولت قومیں ترقی کی راہ پر گامزن ہوتی ہیں۔ ان کی خدمات اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں۔ بلوچستان میں ہماری حکومت نے تعلیم کے شعبے میں حقیقی اصلاحات متعارف کرائی ہیں، جن میں سولہ ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی ایک تاریخی قدم ہے۔

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 11 ربیع الثانی 1447ھ 05 اکتوبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 90

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر دشمنوں کے عزائم خاک میں ملا رہے ہیں: سرفراز بگٹی

**زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع اور متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا، وزیراعلیٰ**

**بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر ناقابلِ واپسی حکومت دشمن قوتوں کیخلاف اپنی پالیسی پر عمل پیرا رہے گی، ایکس پر بیان**

**اساتذہ بچوں کے روشن مستقبل کے معمار انکی خدمات و قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں، عالمی ٹیچرڈے کے موقع پر پیغام**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار کے علاقے زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ان کے ٹھکانے تباہ کردیئے گئے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز مل کر وطن دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ریاستِ پاکستان اور اس کے عوام ہر اس قوت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں جو ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے بہادر عوام اور جوانوں نے ہمیشہ مادرِ وطن کی حفاظت کے لئے بے مثال قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے جوانوں اور عوام کی جرات و بہادری پر فخر ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خضدار میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دشمن کے ناپاک عزائم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر وطن کے دفاع میں ایک ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر ناقابلِ واپسی ہے اور حکومت بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف اپنی پالیسی پر مزید مضبوطی سے عمل پیرا رہے گی دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی بنیاد ہیں، جن کی بدولت قومیں ترقی کی راہ پر گامزن ہوتی ہیں اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کے معمار ہیں ان کی خدمات اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 291 | اتوار، 11 ربیع الثانی، 5 اکتوبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# اساتذہ ملک و قوم کے معمار معاشرے کی بنیاد ہیں، وزیراعلیٰ

## ایک پروقار اور بااختیار استاد ہی مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھ سکتا ہے، اساتذہ کے عالمی دن پر سرفراز بگٹی کا پیغام

## زہری میں فورسز نے متعدد دہشتگردوں کو ہلاک اور ان کے ٹھکانے تباہ کر دیئے، اپنے جوانوں اور عوام کی بہادری پر فخر ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی بنیاد ہیں، جن کی بدولت قومیں ترقی کی راہ پر گامزن ہوتی ہیں اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہمارے بچوں کے روشن (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

مستقبل کے معمار ہیں، ان کی خدمات اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہماری حکومت نے تعلیم کے شعبے میں حقیقی اصلاحات متعارف کرائی ہیں، جن میں سولہ ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی ایک تاریخی قدم ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھرتی کے عمل میں 99.9 فیصد میرٹ کو یقینی بنایا گیا، تاکہ باصلاحیت اور اہل افراد کو موقع فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان پرعزم ہے کہ صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تعلیم کے نظام میں پائیدار بہتری لائی جائے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام اور ان کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، کیونکہ ایک باوقار اور بااختیار استاد ہی ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھ سکتا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ہمیں یہ یاد دہانی کراتا ہے کہ اساتذہ کی محنت، لگن اور کردار کا اعتراف کرنا ہمارا اخلاقی اور قومی فریضہ ہے۔

دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار کے علاقے زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ان کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز مل کر وطن دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ریاستِ پاکستان اور اس کے عوام ہر اس قوت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں جو ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے بہادر عوام اور جوانوں نے ہمیشہ مادرِ وطن کی حفاظت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے جوانوں اور عوام کی جرات و بہادری پر فخر ہے۔ وزیراعلیٰ کہا کہ خضدار میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دشمن کے ناپاک عزائم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر وطن کے دفاع میں ایک ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر ناقابلِ واپسی ہے اور حکومت بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف اپنی پالیسی پر مزید مضبوطی سے عمل پیرا رہے گی۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK

Intekhabnews@gmail.com

Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 اتوار 05 اکتوبر 2025ء بمطابق 11 ربیع الثانی 1447ھ شمارہ نمبر 272

**اساتذہ قوم کے معمار**

# صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائینگے

**میر سرفراز بگٹی**

**خدمات اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، باوقار اور بااختیار استاد ہی مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھ سکتا ہے**

**تعلیم کے شعبے میں حقیقی اصلاحات متعارف کرائیں، 16 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی تاریخی اقدام ہے، عالمی دن کے موقع پر پیغام**

کوئٹہ (خ ن): وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی بنیاد ہیں، جن کی بدولت قومیں ترقی کی راہ پر گامزن ہوتی ہیں، اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کے معمار ہیں، ان کی خدمات اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہماری حکومت نے تعلیم کے شعبے میں حقیقی اصلاحات متعارف کرائی

بقیہ نمبر 75 صفحہ 5 پر

ہیں، جن میں سولہ ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی تاریخی قدم ہے، بھرتی کے عمل میں 99.9 فیصد میرٹ کو یقینی بنایا گیا، تاکہ باصلاحیت اور اہل افراد کو موقع فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پرعزم ہے کہ صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تعلیم کے نظام میں پائیدار بہتری لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام اور ان کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، کیونکہ ایک باوقار اور بااختیار استاد ہی ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھ سکتا ہے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ہمیں یہ یاد دہانی کراتا ہے کہ اساتذہ کی محنت، لگن اور کردار کا اعتراف کرنا ہمارا اخلاقی اور قومی فریضہ ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | اتوار 05 اکتوبر 2025ء بمطابق 11 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 271

# عوام اور سیکیورٹی فورسز ملک و وطن دشمنوں کے عزائم خاک میں ملا رہے ہیں، وزیر اعلیٰ

بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف مضبوطی سے عمل پیرا رہیں گے

خضدار کے علاقے زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ان کے ٹھکانے تباہ کر دیے، بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر ناقابلِ واپسی ہے

فورسز کی کامیاب کارروائی دشمن کے ناپاک عزائم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر وطن کے دفاع میں ایک ہیں، میر سرفراز بگٹی کا زہری آپریشن پر سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار کے علاقے زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ان کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز مل کر وطن دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ریاستِ پاکستان اور اس کے عوام ہر اس قوت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں جو ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے بہادر عوام اور جوانوں نے ہمیشہ مادرِ وطن کی حفاظت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے جوانوں اور عوام کی جرات و بہادری پر فخر ہے۔ وزیر اعلیٰ کہا کہ خضدار میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دشمن کے ناپاک عزائم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر وطن کے دفاع میں ایک ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر ناقابلِ واپسی ہے اور حکومت بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف اپنی پالیسی پر مزید مضبوطی سے عمل پیرا رہے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | اتوار 05 اکتوبر 2025ء بمطابق 11 ربیع الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔271

# عوام، سیکیورٹی فورسز مل کر وطن دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں

سرفراز بگٹی

خضدار کے علاقے زہری میں سیکورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل، ٹھکانے تباہ کردیے ہیں

اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی بنیاد ہیں، موجودہ حکومت نے تعلیم کے شعبے میں حقیقی اصلاحات متعارف کرائی ہیں، سولہ ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی تاریخی قدم ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار کے علاقے زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد (بقیہ نمبر31 صفحہ نمبر2 پر)

دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ان کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز مل کر وطن دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ریاستِ پاکستان اور اس کے عوام ہر اس قوت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں جو ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے بہادر عوام اور جوانوں نے ہمیشہ مادرِ وطن کی حفاظت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے جوانوں اور عوام کی جرات و بہادری پر فخر ہے۔ وزیر اعلیٰ کہا کہ خضدار میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دشمن کے ناپاک عزائم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر وطن کے دفاع میں ایک ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر ناقابلِ واپسی ہے اور حکومت بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف اپنی پالیسی پر مزید مضبوطی سے عمل پیرا رہے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں کہا کہ اساتذہ ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کے معمار ہیں، ان کی خدمات اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہماری حکومت نے تعلیم کے شعبے میں حقیقی اصلاحات متعارف کرائی ہیں، جن میں سولہ ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی ایک تاریخی قدم ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھرتی کے عمل میں 99.9 فیصد میرٹ کو یقینی بنایا گیا، تاکہ باصلاحیت اور اہل افراد کو موقع فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پرعزم ہے کہ صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تعلیم کے نظام میں پائیدار بہتری لائی جائے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام اور ان کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، کیونکہ ایک باوقار اور بااختیار استاد ہی ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھ سکتا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ہمیں یہ یاد دہانی کراتا ہے کہ اساتذہ کی محنت، لگن اور کردار کا اعتراف کرنا ہمارا اخلاقی اور قومی فریضہ ہے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRE[...]
GENERA[...]
RELATIONS[...]

نظامت اعلیٰ تع[...]
حکومت بل[...]

Bullet No. 1

Page No. 8


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

بانی: سید فصیح اقبال

رجسٹرڈ نمبر بی سی ۔ 1

جلد 80 | اتوار 5 اکتوبر 2025ء 11 ربیع الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 272


# بہادر عوام اور جوانوں نے ہمیشہ مادر وطن کی حفاظت کیلئے بے مثال قربانیاں دیں: وزیر اعلیٰ بلوچستان

## حکومت بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف اپنی پالیسی پر مزید مضبوطی سے عمل پیرا رہے گی

## حکومت بلوچستان پر عزم ہے کہ صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ خضدار کے علاقے زہری میں سیکیورٹی فورسز نے ریاست دشمن عناصر کا قلع قمع کرتے ہوئے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ان کے ٹھکانے تباہ کردیے گئے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور سیکیورٹی فورسز مل کر وطن دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ریاستِ پاکستان اور اس کے عوام ہر اس قوت کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں جو ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے بہادر عوام اور جوانوں نے ہمیشہ مادر وطن کی حفاظت کے لیے بے مثال قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے جوانوں اور عوام کی جرات و بہادری پر فخر ہے۔ وزیر اعلیٰ کہا کہ خضدار میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دشمن کے ناپاک عزائم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی بلوچستان کے عوام اور فورسز مل کر وطن کے دفاع میں ایک ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و ترقی کا سفر ناقابلِ واپسی ہے اور حکومت بلوچستان دشمن قوتوں کے خلاف اپنی پالیسی پر مزید مضبوطی سے عمل پیرا رہے گی۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اساتذہ قوم کے معمار اور معاشرے کی بنیاد ہیں، جن کی بدولت قومیں ترقی کی راہ پر گامزن ہوتی ہیں اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہمارے بچوں کے روشن مستقبل کے معمار ہیں، ان کی خدمات اور قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہماری حکومت نے تعلیم کے شعبے میں حقیقی اصلاحات متعارف کرائی ہیں، جن میں سولہ ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی ایک تاریخی قدم ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھرتی کے عمل میں 99.9 فیصد میرٹ کو یقینی بنایا گیا، تاکہ باصلاحیت اور اہل افراد کو موقع فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان پرعزم ہے کہ صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تعلیم کے نظام میں پائیدار بہتری لائی جائے انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام اور ان کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Time

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1239 QUETTA Sunday October 05, 2025 / Rabi' al-Thani 11, 144

# Security forces eliminate terrorists in Khuzdar: CM

## Says teachers are architects of nation

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said that security forces successfully eliminated anti-state elements in Khuzdar's Zehri area, killing several terrorists and destroying their hideouts.

In a statement on the social media platform X, the Chief Minister stated that the people of Balochistan and security forces stand united against the enemies of the country. He said these successes highlight the state's unwavering determination to stand as a solid wall against forces that attempt to disturb the country's peace and stability.

He paid tribute to the brave people and youth of Balochistan for their unparalleled sacrifices in defending the motherland. Expressing pride in their courage, he added that the successful operation will prove to be a decisive blow to the enemy's designs. The Chief Minister reaffirmed that peace and development in Balochistan is irreversible and vowed that the government will continue its strong stance against anti-state elements.

Moreover, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said that teachers are the architects of the nation and the foundation of society, whose efforts enable nations to move forward on the path of progress and development.

In his message on World Teachers' Day, the Chief Minister acknowledged the services and sacrifices of teachers as unforgettable. He said that his government has introduced real reforms in the education sector, including the historic recruitment of 16,000 teachers on merit. According to him, merit at 99.9 percent was ensured in the recruitment process so that only talented and qualified individuals could be appointed.

The Chief Minister added that the provincial government remains determined to provide quality education to every child and bring about sustainable improvement in the education system. He further stressed that respect and welfare of teachers remain among the government's priorities, as only a dignified and empowered teacher can lay the foundation of a civilized and prosperous society. Paying tribute, he said that World Teachers' Day serves as a reminder of the moral and national responsibility to honor the dedication, hard work, and character of teachers.

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

# شیرانی میں آپریشن، 7 دہشت گرد ہلاک، آئی ایس پی آر

## امن و ترقی کا سفر کوئی نہیں روک سکتا، سرفراز بگٹی

مسلح افراد کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی، فائرنگ کا تبادلہ، اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

**بروقت اور موثر کارروائی بلوچستان میں امن و امان کے قیام کی روشن دلیل ہے، صدر، وزیراعظم، وزیرداخلہ اور وزیراعلیٰ کا کامیاب آپریشن پر فورسز کو خراج تحسین**

راولپنڈی/اسلام آباد/کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں + خ ن) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع شیرانی میں آپریشن کر کے بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اور اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد کرلیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ضلع شیرانی میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا۔ شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد فتنہ الہندوستان کے 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، دہشت گردوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے مکمل طور پر پاک کرنے کیلئے پرعزم ہیں اور ایسی کارروائیاں جاری

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

رہیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع شیرانی میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم گروہ فتنہ الخوارج کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو زبردست الفاظ میں سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بروقت اور موثر کارروائی بلوچستان میں امن وامان کے قیام کی روشن دلیل ہے اور اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہماری فورسز ہر چیلنج کا بھرپور مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان دشمن نیٹ ورکس اور بھارتی پراکسیز کو ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی شاندار صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فورسز کی بہادری اور قربانیاں نہ صرف صوبے کے عوام کے لیے اعتماد اور حوصلے کا ذریعہ ہیں بلکہ دہشت گردی کے خاتمے کے قومی عزم کو بھی مزید مضبوط کرتی ہیں سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بطور وزیراعلیٰ ہی نہیں بلکہ بطور اس دھرتی کے بیٹے کے، مجھے اپنے بہادر جوانوں پر بے حد فخر ہے جو ہر مشکل لمحے میں وطن کے دفاع کے لیے سینہ سپر ہوتے ہیں۔ "ہمارے جوانوں کی بہادری ہی ہمیں نئی ہمت اور یقین عطا کرتی ہے، اور انہی کی قربانیوں کے باعث بلوچستان امن وترقی کی راہ پر گامزن ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں امن وترقی کے سفر کو کوئی دشمن طاقت سبوتاژ نہیں کرسکتی اور حکومت صوبے کے عوام کے تحفظ اور خوشحالی کے لیے سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے ضلع شیرانی میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے خاتمے میں سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور جرات قابل ستائش ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع شیرانی میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دہشتگردی کی عفریت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع شیرانی میں بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ فورسز نے بروقت کارروائی کر کے دشمن کے مذموم عزائم خاک میں ملائے۔

# شکوے کا حل ریاست کیخلاف بندوق اٹھانا ہرگز نہیں، وزیراعلیٰ بگٹی

## نوجوان مستقبل کے معمار

ماضی میں موثر ایڈیٹوریل چیک کے باعث خبر کی تصدیق کا عمل معتبر رہا، آج سوشل میڈیا نے پروپیگنڈہ اور نوجوان کو ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی

**اساتذہ طلبہ کو درست سمت دکھائیں، تنخواہوں کیلئے وسائل نہیں، جامعات میں بلڈنگیں کھڑی کی جارہی ہیں، ہمیں چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا چاہیے، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان کسی بھی ریاست کا قیمتی اثاثہ اور مستقبل کے معمار ہیں جبکہ اساتذہ ان کے لئے رہنمائی اور روشنی کا مینار ہیں، اگر اساتذہ طلبہ کو درست سمت دکھائیں تو ریاست اور نوجوانوں کے درمیان پیدا ہونے والی خلیج کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف جامعات کے فیکلٹی ہیڈز اور ارکان سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں میڈیا کے کردار، حقائق کی تصدیق، سماجی اقدار

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

اور باہمی معاشرتی ذمہ داریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماضی میں موثر ایڈیٹوریل چیک کے باعث خبر کی تصدیق اور اجراء کا عمل مضبوط اور معتبر رہا لیکن اخبارات کے بعد الیکٹرانک میڈیا اور پھر سوشل میڈیا کے آنے سے یہ ایڈیٹوریل چیک کمزور ہوگیا آج سوشل میڈیا کے دور میں سچ اور جھوٹ کے درمیان محض ایک باریک لکیر باقی رہ گئی، جس نے معاشرتی رویوں پر گہرے اثرات ڈالے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سماجی اقدار کی مضبوطی اور بنیادی ڈھانچے کی تشکیل کے بغیر تھری جی اور فور جی سروسز متعارف ہوئیں جس کے نتیجے میں جھوٹے پروپیگنڈے کو فروغ ملا اور نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ حق وسچ اور دلیل کی بجائے پاپولر بیانیہ عام ہوا۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ تحقیق اور وضاحت کے ذریعے طلبہ کو درست سمت دکھائیں اور نئی نسل کی رہنمائی کریں، اساتذہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ریاست اور نوجوانوں کے درمیان خلیج کو کم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست اور شہری کے درمیان ذمہ داری اور حقوق کا باہمی رشتہ قائم ہے اگر کسی کو شکوے ہیں تو ان کا حل ریاست کے خلاف بندوق اٹھا کر تشدد کا راستہ اختیار کرنا ہرگز نہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کی تشکیل کے وقت صرف بلوچ ہی نہیں بلکہ سندھی، پختون، پنجابی اور دیگر اقوام بھی تقسیم ہوئیں، اس وطن کے قیام کے لئے سب نے قربانیاں دیں اور یہ ملک سب کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم کا فروغ محض بلڈنگز کی تعمیر، غیر ضروری و غیر فائدہ مند شعبوں کے قیام اور دھڑا دھڑ بھرتیوں سے نہیں بلکہ دور جدید کی ضروریات سے مشروط ہے، وزیراعلیٰ نے اس امر پر حیرت اور افسوس کا اظہار کیا کہ تنخواہوں کے لئے وسائل دستیاب نہیں اور جامعات میں بلڈنگ پر بلڈنگ کھڑی کی جارہی ہیں ہمیں چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے چاہئیں، دستیاب وسائل کا درست استعمال پائیدار ترقی کا ضامن ہے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی مختلف جامعات کے فیکلٹی ہیڈز اور ارکان سے بات چیت کر رہے ہیں

CamScanner

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 OCT 2025

Page No. 11

## وزیراعلیٰ پارٹی کونظر انداز کرکے دوسروں کونواز رہے ہیں، علی حسن زہری

**بھوتانی برادران کیخلاف 1200 اسکیموں میں کرپشن کے ثبوت ہیں، علی مدد جتک سے کوئی ایشو نہیں**

حب (این این آئی) پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے اختلافات ہیں کیونکہ وہ پارٹی کونظر انداز کرکے دوسروں کونواز رہے ہیں۔ سردار صالح بھوتانی خود کو کرپشن سے پاک کہتے ہیں پہلے وہ حب اور گڈانی کے 4 منصوبوں کا حساب تو دیں میرے پاس انکے خلاف 1200 اسکیموں کی کرپشن کے ثبوت ہیں، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی باپ پارٹی کے سینیٹر کو ایک ارب روپے کے فنڈز کس کھاتے میں دیتے ہیں اور حب ڈسٹرکٹ سے اقلیتی ایم پی اے ڈاکٹر اشوک کمار کو صرف 15 کروڑ روپے دیئے گئے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گزشتہ روز دورہ حب کے موقع پر لیڈا میں صحافیوں سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں آج بھی اپنی باتوں پر قائم ہوں اور یہ باتیں میں نے پیپلز پارٹی کی قیادت کو اعتماد میں لیکر کہی ہیں اگر پارٹی قیادت کو اعتماد میں نہ لیا ہوتا تو اب تک تردید آجاتی۔ باقی جہاں تک میر علی مدد جتک نے میرے بارے میں جو بات کہی ہے وہ کوئی ایشو نہیں یہ ہمارے آپس کا اور پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے انھوں نے مجھے شیر کہہ کر جس کو خوش کرنا تھا وہ خوش کردیا۔

## وزیراعلیٰ پنجاب کا بیان غیر ذمہ دارانہ اور مضحکہ خیز ہے، صادق عمرانی

**صوبوں کے درمیان پائی جانے والی ہم آہنگی کو خطرات لاحق ہونگے، بیان**

کوئٹہ (خ ن) پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے بیان "میرا پانی میری مرضی" پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا بیان غیر ذمہ دارانہ اور مضحکہ خیز ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے جذباتی بیان سے نہ صرف ملکی وحدت کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے بلکہ صوبوں کے درمیان پائی جانے والی ہم آہنگی کو بھی خطرات لاحق ہونگے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملکی وحدت وسائل پر صوبوں کا اختیار اور ملکی اکائیوں کے درمیان برابری کے اصول کی حمایت کی ہے لہذا ان حالات میں مریم نواز کے بیان سے سندھ اور بلوچستان کے عوام کی دل آزاری ہوئی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## خانوزئی میں 12 ایکڑ پر جدید سہولیات سے آراستہ ہسپتال تعمیر کیا جائیگا، وزیر صحت

**ژوب ہسپتال کو جدید ماڈل ہسپتال کا درجہ دیا جائیگا، ڈاکٹرز و طبی عملے کی کمی پوری کرنے کیلئے نئی بھرتیاں کی جائینگی**

**ایمرجنسی وارڈز اپ گریڈ کرینگے، صوبے کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے متعدد اہم اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ خانوزئی میں 12 ایکڑ پر مشتمل جدید ہسپتال تعمیر کی جائیگی، جبکہ ژوب کے ہسپتال کو جدید ماڈل ہسپتال کا درجہ دیا جائے گا صوبے کے دور دراز علاقوں میں بنیادی صحت مراکز کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے گا تاکہ عوام کو مقامی سطح پر علاج معالجے کی سہولت میسر آسکے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ ہم عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

گے، عوام نے ہم پر اعتماد کیا ہے اور ہم اس اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے بخت محمد کاکڑ نے مزید بتایا کہ صوبائی حکومت عوامی خدمت کے وژن کے تحت ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کمی پوری کرنے کے لیے نئی بھرتیاں کرے گی انہوں نے کہا کہ بڑے ہسپتالوں میں جدید مشینری نصب کی جائے گی اور ایمرجنسی وارڈز کو اپ گریڈ کیا جائے گا وزیر صحت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ اس مقصد کے حصول کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 05 OCT 2025

Page No. 12

# سیکورٹی انتظامات مکمل ہوتے ہی بارڈر کراسنگ بحال کر دی جائے گی

میجر جنرل بلال سرفراز

عارضی بندش کا مقصد تیل کی آڑ میں بارودی مواد کی ترسیل روکنا ہے، خاران اور دالبندین کا دورہ، مقامی عمائدین سے گفتگو

امن کے قیام کیلئے اپنی کارروائیاں جاری رکھیں گے، والدین نظر رکھیں ان کے بچے کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں، آئی جی ایف سی ساؤتھ

تربت ( نمائندہ انتخاب ) آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان نے خاران اور دالبندین کا خصوصی دورہ کیا، خاران میں انہوں نے مقامی عمائدین سے ملاقات کی اور خطے میں امن وامان، بارڈر مینجمنٹ اور عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی، انہوں نے کہا کہ مقامی بارڈر کراسنگ عارضی طور پر اس لیے بند کی گئی ہے تاکہ تیل کی آڑ میں بارودی مواد کی ترسیل کو مؤثر طور پر روکا جاسکے، سیکیورٹی سسٹم، اسکینرز اور چیکنگ کے دیگر انتظامات مکمل ہونے کے بعد جلد ہی کراسنگ بحال کر دی جائے گی، اس موقع پر آئی جی ایف سی بلوچستان

بقیہ نمبر 78 صفحہ 5 پر

(ساؤتھ) نے واضح کیا کہ پاک ایران سرحد مکمل طور پر بند نہیں بلکہ روزمرہ اشیائے ضرورت کی فراہمی کے لیے راہداری کراسنگو معمول کے مطابق فعال ہیں ان کراسنگو پوائنٹس پر معمول کے

مطابق درآمد وبرآمد کا سلسلہ جاری ہے، انہوں نے بتایا کہ صرف فیول کراسنگ کو 8 ستمبر سے عارضی طور پر سیکیورٹی خدشات کے باعث بند کیا گیا ہے کیونکہ تیل کی گاڑیوں کے ذریعے بارودی مواد اور ہتھیاروں کی ترسیل کی جارہی تھی، آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے بتایا کہ گذشتہ دو ماہ کے دوران متعدد آئی ای ڈی دھماکوں کے واقعات پیش آ چکے ہیں، جس کے باعث سخت حفاظتی اقدامات اٹھانا ناگزیر ہو گئے تھے، اسی سلسلے میں آئندہ ایک سے دو ماہ میں سرحدی کراسنگ پوائنٹس پر جدید اسکینرز نصب کیے جائیں گے جبکہ ایران کے ساتھ بفرزون کی تیاری بھی تیزی سے جاری ہے اور جلد فیول کراسنگ کو دوبارہ کھول دیا جائے گا، کیپٹن وقار کاکڑ شہید کی دشت میں شہادت کا ذکر کرتے ہوئے انہیں ایک دلیر اور غیرت مند افسر قرار دیا، جو حالیہ فتنہ الخوارج کے بزدلانہ حملے میں شہید ہوئے، آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے کہا کہ ایف سی اور دیگر سیکیورٹی ادارے شرپسند عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مشترکہ بدنی کارروائیاں جاری رکھیں گے تاکہ علاقے میں دیرپا امن قائم کیا جاسکے، آخر میں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے کہا کہ پائیدار امن کا قیام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس میں عوام کی حمایت کی اشد ضرورت ہے، والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھیں تاکہ وہ کسی کے بہکاوے میں نہ آئیں، آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اس بات پر زور دیا کہ ناخواندہ افراد کو چاہیے کہ وہ اسکل ڈیولپمنٹ سنٹر سے تکنیکی ہنر سیکھ کر علاقے میں روزگار کے باعزت مواقع سے فائدہ اٹھائیں، تاکہ خطے میں ترقی، خوشحالی اور استحکام کو فروغ دیا جاسکے، علاوہ ازیں آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ میجر جنرل بلال سرفراز نے دالبندین کا خصوصی دورہ کیا جس میں انہوں نے قبائلی مشران، عمائدین، ضلع انتظامیہ اور پولیس کے اعلی عہدیداروں سے ملاقات کی اور مقامی امور پر تبادلہ خیال کیا، گفتگو کرتے ہوئے آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ میجر جنرل بلال سرفراز نے واضح کیا کہ ضلع چاغی میں امن حکومت، سیکیورٹی اداروں اور علاقے کے معززین کی باہمی ذمہ داری ہے، پائیدار امن کے تسلسل کے لئے قبائلی معتبرین اپنا مثبت کردار بھرپور طریقے سے ادا کرتے رہیں، آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ نے ضلع چاغی کے مقامی عمائدین کی امن برقرار رکھنے کی کوششوں کو بھی سراہا، کیپٹن وقار کاکڑ شہید کی دشت میں شہادت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک بہادر اور غیور بلوچ آفسر تھے جو فتنہ الخوارج کے حالیہ بزدلانہ حملے میں شہید ہوئے، آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ نے واضح کیا کہ ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے شرپسندوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مشترکہ ٹارگٹڈ آپریشن جاری رکھیں گے، ان اقدامات کا مقصد علاقے میں پائیدار امن کو یقینی بنانا ہے، اسی تسلسل میں انہوں نے بتایا کہ فتنہ الخوارج اپنے ناپاک عزائم اور بزدلانہ حملوں کی تکمیل کے لئے دھماکہ خیز مواد کا استعمال کر رہا ہے جس کی وجہ سے نا صرف سیکیورٹی اداروں بلکہ معصوم اور قیمتی بلوچ جانوں کا نقصان ہو رہا ہے، مختلف تیل کی بارڈر کراسنگ سے دھماکہ خیز مواد کی ترسیل کے ناقابل تردید شواہد ملے ہیں اس بنا پر کچھ عرصے کے لئے تیل کی بارڈر کراسنگ کو بند کیا گیا تھا تاکہ کراسنگ کو محفوظ بنا کر مقامی لوگوں کے لئے کھولا جاسکے، مزید ازاں راجے بارڈر کراسنگ کو ترجیحی بنیادوں پر دوبارہ کھولنے کی کاوش جاری ہے جس حوالے سے اس مہینے میں مثبت پیش رفت متوقع ہے۔

# امریکہ کو پسنی میں جدید بندرگاہ تعمیر کرنے کی پیشکش

پاکستانی نایاب معدنیات اسی پورٹ کے ذریعے امریکہ بھیجی جائے، شہر کو جدید ترین پورٹ میں تبدیل کرنے کی دعوت

امریکہ پورٹ کو چلائے، پیشکش پاکستانی حکمرانوں کی ٹرمپ سے ملاقات کے موقع پر کی گئی، فنانشل ٹائمز کا دعویٰ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کے ممتاز اخبار فنانشل ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت پاکستان نے ساحل بلوچستان پر پسنی کے مقام پر امریکہ کو ایک نئی بندرگاہ تعمیر کرنے اور اسے چلانے کی پیشکش کی ہے۔ پسنی گوادر سے ایک سو کلومیٹر دور چاہ بہار سے ڈیڑھ سو کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ حال ہی میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان نایاب معدنیات کے بارے میں جو معاہدہ ہوا ہے یہ پیشکش اسی کا حصہ ہے۔ یعنی معدنیات اسی بندرگاہ کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

ذریعے امریکہ بھیجی جائیں۔ پاکستانی پیشکش امریکی سرمایہ کاروں کو دعوت ہے کہ وہ پسنی کے مچھیروں کے شہر کو ایک جدید ترین پورٹ میں تبدیل کریں۔ پسنی پورٹ ٹرمینل کا مقصد نایاب معدنیات کی امریکہ ترسیل ہے۔ پسنی میں پورٹ کی تعمیر کی پیشکش کچھ عرصہ قبل وائٹ ہاؤس میں صدر ٹرمپ اور پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ملاقات کے بعد سامنے آئی ہے۔

# میٹروپولیٹن کی غیر قانونی تعمیرات کیخلاف موثر کارروائیاں شروع

مختلف علاقوں میں تعمیراتی سرگرمیاں بند، نوٹس جاری، ڈبل بیسمنٹ کی تعمیر ممنوع ہے، ایڈمنسٹریٹر

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ سرفراز احمد بگٹی کے ویژن اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ مجیب الرحمن قمبرانی کی خصوصی ہدایت پر بلڈنگ رولز 2022 پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے شہر میں غیر قانونی اور غیر منظور شدہ تعمیرات کے خلاف جامع اور موثر کارروائیاں

بقیہ نمبر 81 صفحہ 5 پر

شروع کر دی گئی ہیں۔ ایم سی کیو چیف انسداد تجاوزات سیل دلاور خان کی سربراہی میں شہر کے مختلف علاقوں میں تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے متعدد خلاف ورزیاں بے نقاب ہوئیں اور موقع پر ہی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ترجمان میٹروپولیٹن کارپوریشن کے مطابق بلڈنگ رولز 2022 کی خلاف ورزی کرنے والی عمارتوں کی نشاندہی مندرجہ ذیل مقامات پر کی گئی، علی بھائی روڈ، سیوک سینٹر پلازہ کے قریب، ڈبل بیسمنٹ، بغیر منظور شدہ نقشہ خداداد روڈ، دی میرج ہال کے سامنے، کواری روڈ پلازہ خلاف ورزی ڈبل بیسمنٹ اور بغیر منظور شدہ نقشہ مسجد روڈ، اپوا اسکول کے قریب پلازہ خلاف ورزی ڈبل بیسمنٹ اور بغیر منظور شدہ نقشہ کریم الدین اسٹریٹ گوردت سنگھ روڈ خلاف ورزی بغیر منظور شدہ نقشہ مسجد روڈ پر متعدد دکانیں خلاف ورزی بغیر منظور شدہ نقشہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے تمام غیر قانونی تعمیراتی سرگرمیوں کو فوری طور پر بند کر دیا گیا جبکہ متعلقہ ذمہ داران کو نوٹس جاری کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 05 OCT 2025

Page No. 13


## بلوچستان میں امن کیلئے شہداء کی جانوں کا نذرانہ قابل ستائش ہے، آئی جی پولیس

**عوام کا سب سے پہلا مطالبہ امن، قانون کا نفاذ اور عمل داری ہماری اولین ترجیح ہے**

**مجرم اور عام عوام کے درمیان رویے میں فرق رکھنا لازمی ہے، خضدار میں منعقدہ تقریب سے خطاب**

خضدار (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان کی تہذیب باہمی احترام اور روایات انصاف پسندی کی ضامن ہے، غیرت، جرات اور مہمان نوازی اس خطے کو امن کا گہوارہ بناتی ہیں۔ بلوچستان میں امن کے لیے عوام نے بڑی قربانیاں دی ہیں، شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے جو تاریخ رقم کی ہے وہ قابل ستائش ہے۔ صوبے میں پولیس کئی مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر اور بیرونی قوتوں کے خلاف برسر پیکار ہے۔ جن قوتوں سے ہمارا مقابلہ ہے ان کی جڑیں مضبوط ضرور ہیں لیکن ہم انہیں جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ قانون کا نفاذ اور عمل داری ہماری اولین ترجیح ہے اور عوام کا سب سے پہلا مطالبہ بھی امن ہی ہے، جبکہ ترقی یافتہ قوموں کی ترقی بھی امن سے وابستہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے خضدار میں منعقدہ تقریب کے دوران پولیس افسران اور نوجوان اہلکاروں سے خطاب میں کیا۔ اس موقع پر کمشنر قلات ڈویژن ڈاکٹر طفیل بلوچ، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر محمد حسن، ڈی آئی جی قلات رینج عبدالحمید کھوسہ، ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر، ایس پی قلات شہزادہ اکبر، ایس پی حب سید فاضل شاہ بخاری، ایس پی لسبیلہ عاطف امیر، ایس ایچ او عبداللہ پندرانی، ایس آئی مقبول احمد اور دیگر اہلکار موجود تھے۔ آئی جی بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام کا ایک گل دستہ ہے اور اس گل دستے کا نکھار قانون کی بالادستی میں ہے۔ مجرم اور عام عوام کے درمیان رویے میں فرق رکھنا لازمی ہے کیونکہ اس جدید دور میں عوام ہی اصل قوت ہیں۔ پولیس افسران کو عوامی خدمت کے لیے مزید مواقع تلاش کرنے چاہئیں۔

## ملازمین کو حقوق کی بروقت فراہمی اولین ترجیح ہے، چیف جسٹس بلوچستان

**بلوچستان ہائیکورٹ میں پنشن برانچ کا قیام ملازمین کیلئے ایک تاریخی اور اصلاحاتی قدم ہے**

**ریٹائرڈ ملازم کو دس دن بعد تمام پنشن واجبات اور مراعات فراہم کرنے کی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ نے عدالتی نظام میں خدمات انجام دینے والے ریٹائرڈ ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور ان کی خدمات کے اعتراف میں ایک اہم اور خوش آئند قدم اٹھایا ہے، چیف جسٹس بلوچستان کی قیادت میں حال ہی میں قائم کی گئی پنشن برانچ نے اپنی موثر اور تیز رفتار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک ریٹائرڈ ملازم کو ریٹائرمنٹ کے صرف دس دن بعد تمام پنشن واجبات اور مراعات فراہم کر دیں۔ اس موقع پر ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی، جس میں چیف جسٹس بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ نے ریٹائرڈ ملازم کو ان کی طویل و مخلصانہ خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ اور تحفہ پیش کیا۔ تقریب میں رجسٹرار عدالت عالیہ بلوچستان عبدالقیوم لہڑی و دیگر عدالتی افسران اور عملہ بھی موجود تھے۔ چیف جسٹس نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہائی کورٹ کے ملازمین ہماری عدالتی مشینری کا اہم جزو ہیں، ان کی خدمات کا اعتراف اور حقوق کی بروقت فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ پنشن برانچ کا قیام اسی مقصد کے تحت عمل میں لایا گیا تاکہ ریٹائرڈ ملازمین کو کسی قسم کی تاخیر یا دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کا نصب العین یہی ہے کہ ہر ملازم کو نہ صرف ملازمت کے دوران بلکہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی عزت، احترام اور مالی تحفظ کے ساتھ زندگی گزارنے کے مواقع میسر آئیں۔ ہائی کورٹ آف بلوچستان کی انتظامیہ کے مطابق، پنشن شاخ کا قیام ملازمین کے حقوق کے تحفظ کی سمت ایک تاریخی اور اصلاحاتی قدم ہے، جس سے نہ صرف ادارے کی کارکردگی میں شفافیت بڑھے گی بلکہ عدالتی عملے میں اعتماد اور حوصلہ بھی پیدا ہوگا۔ یہ اقدام اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان ہائی کورٹ اپنے تمام ملازمین کے ساتھ وفاداری، خدمت اور عزت کے اصولوں پر کاربند ہے اور ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ان کے حقوق کے مکمل تحفظ کو یقینی بناتی ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## زرعی صارفین کی سولر انرجی پر منتقلی کا منصوبہ مکمل، زمینداروں کا برقی آلات کی واپسی سے انکار

**انکاری زمینداروں میں نصف سے زائد نے حکومت سے منصوبے کے تحت بیس بیس لاکھ روپے وصول بھی کر رکھے ہیں**

**کیسکو حکام نے قانونی کارروائی اور ایف آئی آرز کے اندراج کیلئے ضلعی انتظامیہ کو تحریری طور پر درخواستیں ارسال کر دیں**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کیسکو کے زرعی صارفین کو بجلی سے سولر انرجی پر منتقل کرنے کا منصوبہ مکمل ہوگیا، بیس بیس لاکھ روپے وصول کرنے والے 25 ہزار زمینداروں میں سے نصف سے زائد زمینداروں نے زرعی ٹرانسفارمرز، کھمبے اور ان سے منسلک برقی آلات کیسکو کو واپس کرنے سے انکار کر دیا۔.........


بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر


کیسکو نے انکاری زرعی صارفین کے خلاف قانونی کارروائی اور ایف آئی آرز کے اندراج کیلئے ضلعی انتظامیہ کو تحریری طور پر درخواستیں ارسال کر دیں۔ ترجمان کیسکو کے مطابق صوبہ کے ان تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کیسکو نیٹ ورک سے منقطع کر دیئے ہیں جنہیں حکومت کی جانب سے شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے میں شامل کئے تھے۔


INTEKHAB QUETTA


## گوادر میں پانی کا بحران حل، شادی کور ڈیم سے فراہمی شروع

**آکرہ اور سواد ڈیم خشک ہونے سے گوادر اور جیوانی میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی تھی**

گوادر (آئی این پی) پاک فوج اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ حکمت عملی کے تحت گوادر میں پانی کے بحران کا مسئلہ حل کر لیا گیا۔ آکرہ اور سواد ڈیم خشک ہونے سے گوادر اور جیوانی میں پانی کی شدید قلت تھی جبکہ شادی کور ڈیم کی پائپ لائن سے پانی چوری ہونے اور گوادر ڈی سیلینیشن پلانٹ غیر فعال ہونے سے بحران مزید سنگین صورتحال اختیار کر گیا تھا۔ صورتحال کے پیش نظر 29 ستمبر کو گوادر


بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر


میں پاک فوج اور ضلعی انتظامیہ کا ہنگامی اجلاس ہوا جس میں گوادر کیلئے یومیہ 24 لاکھ گیلن اور جیوانی کیلئے یومیہ پانچ لاکھ گیلن پانی پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ اجلاس میں شادی کور ڈیم کی پائپ لائن سے بہاؤ میں اضافہ اور گوادر ڈی سیلینیشن پلانٹ بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 05 OCT 2025

Page No. 14


## ایمل ولی سے سیکورٹی واپس لینا غیر جمہوری طرزِ عمل ہے، اے این پی

**مکمل سرکاری سیکورٹی فراہم کی جائے، بیان، اولسی پاسون عوامی امنگوں کا ترجمان ہوگا، مابت کاکا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ وزارتِ داخلہ کی جانب سے پارٹی کے سربراہ سینیٹر ایمل ولی خان اور ان کی رہائش گاہ سے سیکورٹی واپس لینے کا فیصلہ انتہائی افسوسناک قابلِ گرفت اور غیر جمہوری طرزِ عمل کی عکاسی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ حق و صداقت پر مبنی موقف اپنانے والوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں ناقابلِ قبول اور ناقابلِ معافی ہیں عوامی نیشنل پارٹی ہمیشہ سے اپنے نظریات سیاسی اصولوں اور پشتون قوم کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرامن اور جمہوری جدوجہد کرتی رہی ہے انہوں نے وفاقی حکومت اور وزارتِ داخلہ سے مطالبہ کیا کہ وہ اس فیصلے پر فوری نظرِ ثانی کرے اور سینیٹر ایمل ولی خان کو مکمل سرکاری سیکورٹی فراہم کرے دریں اثناء باچاخان مرکز چمن میں منعقدہ آل پارٹیز قومی جرگہ تاجر لغڑی اتحاد اور سول سوسائٹی کے مشترکہ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ 11۔ اکتوبر کو چمن میں ہونے والا اولسی پاسون عوام کی امنگوں کی ترجمانی کرے گا اور حکمران اشرافیہ کے عوام دشمن منصوبوں کے خاتمے میں سنگ میل ثابت ہوگا اجلاس میں جمیعت علمائے اسلام کے تحصیل صدر مفتی محمد قاسم عبدالوارث جانثار عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر عبدالخالق حمل چیئرمین گل زمان نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے ترجمان جاوید خان پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حاجی امان اللہ پشتون تحفظ موومنٹ کے فدا محمد قبائل نیشنل پارٹی کے حاجی فدا محمد سول سوسائٹی کے نمائندے بشیر احمد عبدالرازق انجمن تاجران کے احمد خان حاجی جمال شاہ لغڑی اتحاد کے سیکرٹری غوث اللہ اور گرینڈ الائنس کے عبدالصادق خان بھائی سمیت مختلف سیاسی سماجی اور تاجر تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

## مشتاق احمد خان نے مسلم امہ کا سر فخر سے بلند کر دیا، مولانا ہدایت

**پاکستان سمیت دنیا بھر میں احتجاج ہوا مگر مسلم حکمران خاموش ہیں، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ مشتاق احمد خان نے جان و مال کی پرواہ کیے بغیر سر ہتھیلی پر رکھ کر غزہ کے مظلوم بچوں و متاثرین کیلئے انسانیت کے ناطے سفر کا فیصلہ کر کے مسلم امہ اور بالخصوص پاکستان کا سر فخر سے بلند کر دیا، غزہ کے معصوم بچے مر رہے ہیں ہر طرف بھوک و افلاس ہے جس پر دنیا بھر سمیت پورے پاکستان میں احتجاج ہوا مگر مسلم حکمران خاموش ہیں، بلوچستان میں بارڈر بندش، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، شاہراہوں، انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مدرسہ تفہیم القرآن خضدار میں محسن انسانیت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، کانفرنس سے مدرسہ کے مہتمم پارٹی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمد اسلم گزگی، نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا محمد عارف دمڑ و دیگر نے بھی خطاب کیا اس موقع پر حفاظ قرآن و علمائے کرام میں اسناد بھی تقسیم کیے گئے۔ مقررین نے کہا کہ دینی مدارس علم کی شمعیں روشن کر رہی ہیں۔

## فارم 47 کی حکومت کا کوئی فیصلہ قبول نہیں، پشتونخوا میپ

**26 ویں آئینی ترمیم، پیکا ایکٹ اور مائنز و منرل ایکٹ آئین پاکستان کے ساتھ کھلواڑ ہے، رحیم زیارتوال و دیگر کا خطاب**

**اسلام آباد پریس کلب میں گھس کر اس کے تقدس اور چاردیواری کو پامال کرنا قابل مذمت ہے، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ فارم 47 کے غیر منتخب نام نہاد ممبران ان کی اسمبلی اور حکومت کا کوئی فیصلہ قابل قبول نہیں اور نہ ہی یہ عوام کے نمائندے ہیں۔ 26 ویں آئینی ترمیم، پیکا ایکٹ اور مائنز و منرل ایکٹ آئین پاکستان کے ساتھ کھلواڑ ہے ان خیالات کا اظہار ضلع قلعہ سیف اللہ کے توسیعی کمیٹی کے اجلاس سے عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمن بازئی، ضلع جنرل سیکرٹری نجیب پامیر نے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں پارٹی فعالیت اور 17 اکتوبر 2025 لورالائی کے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ فارم 47 کے غیر منتخب نام نہاد ممبران ان کی اسمبلی اور حکومت کا کوئی فیصلہ قابل قبول نہیں اور نہ ہی یہ عوام کے نمائندے ہیں۔ 26 ویں آئینی ترمیم، پیکا ایکٹ اور مائنز و منرل ایکٹ آئین پاکستان کے ساتھ کھلواڑ ہے اور صوبے کے نام نہاد حکومت کو یہ اختیار ہی حاصل نہیں ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## صوبے کے حالات کے پیش نظر اپوزیشن رہنماؤں کی حکومت کو تازیانے

**بلوچستان کے حالات روز بروز خراب ہوتے جارہے ہیں جبکہ حکومت مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہیں، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری**

**عوامی حمایت یافتہ نمائندوں کو کام نہیں کرنے دیا جارہا، جبکہ وسائل پر قابض قوتیں عوامی مسائل سے لاتعلق ہیں، رحمت صالح بلوچ، زابد ریکی**

**اپوزیشن بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول، بدامنی اور لوٹ مار کے خاتمے کیلئے ہر فورم پر جدوجہد جاری رکھے گی، مولانا ہدایت الرحمن**

کوئٹہ (اے این این) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری، ارکانِ اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، میر زابد علی ریکی اور مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات روز بروز خراب ہوتے جارہے ہیں جبکہ حکومت اور مقتدر قوتیں مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہیں صوبے میں بے روزگاری، بدامنی اور بارڈر بندش کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں یہ بات انہوں نے صحافیوں کے وفود سے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو حقوق، عزت اور انصاف فراہم کیے بغیر امن و ترقی ممکن نہیں رہنماؤں کا کہنا تھا کہ عوامی حمایت یافتہ نمائندوں کو کام نہیں کرنے دیا جارہا، جبکہ وسائل پر قابض قوتیں عوامی مسائل سے لاتعلق ہیں انہوں نے اعلان کیا کہ اپوزیشن بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول، لاپتہ افراد، بدامنی اور لوٹ مار کے خاتمے کے لیے ہر فورم پر جدوجہد جاری رکھے گی رہنماؤں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل بات چیت، مشاورت اور آئینی جمہوری جدوجہد میں ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ظلم و جبر کے خلاف، عوامی حقوق کے حصول اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے ایوان کے اندر اور باہر اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 05 OCT 2025 Page No. 15


## خضدار، سیکورٹی فورسز کی کارروائی‘ فتنہ الہندوستان کے 14 دہشت گرد ہلاک‘ 20 زخمی

**علاقے میں دہشت گردوں کے کئی ٹھکانے تباہ، بھاری تعداد میں اسلحہ‘ گولہ بارود‘ دستی بم نقشے‘ دستاویزات قبضے میں لے لیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے خضدار کے علاقے زہری میں ٹارگٹڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے مزید 14 دہشت گردوں کو ہلاک اور 20 سے زائد کو زخمی کردیا جبکہ ٹھکانوں کو مسمار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ‘ گولہ بارود‘ نقشے اور دیگر دستاویزات قبضے میں لے لیں ۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق خضدار کے علاقے زہری میں سیکورٹی فورسز کا دہشت گردوں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن بدستور جاری گزشتہ روز فورسز نے ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے میں فتنہ الہندوستان کے مزید 14 دہشت گردوں کو ہلاک جبکہ 20 سے زائد کو زخمی کردیا فائرنگ کا تبادلہ کئی گھنٹے تک جاری رہا فورسز نے دہشت گردوں کی کئی ٹھکانوں کو بھی تباہ کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ‘ گولہ بارود‘ دستی بم سمیت نقشے‘ دستاویزات وائرلیس سیٹ قبضے میں لے لئے سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ کامیاب آپریشن پر زہری کے عوام نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے۔ فورسز عوام کے تحفظ کے لیے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔

## دالبندین کرودک پوسٹ پر مسلح افراد کا حملہ، دو اہلکاروں کا اسلحہ چھین لیا

**پولیس اہلکار پوسٹ کے باہر نماز ادا کررہے تھے، پوسٹ پر موجود دیگر اہلکاروں کی فائرنگ پر مسلح افراد فرار**

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین سے کوئٹہ جانے والی آر سی ڈی ہائی وے پر واقع کرودک پوسٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر کے دو پولیس اہلکاروں کو اس وقت یرغمال بنا لیا جب وہ پوسٹ کے باہر نماز ادا کررہے تھے۔ ذرائع کے مطابق پوسٹ پر مجموعی طور پر پانچ پولیس اہلکار (سابقہ لیویز) تعینات تھے۔ رات تقریباً ساڑھے آٹھ بجے کے قریب دس کے قریب مسلح افراد نے اچانک کارروائی کرتے ہوئے دو اہلکاروں کو قابو میں لے لیا۔ تاہم پوسٹ پر موجود دیگر تین اہلکاروں کی جوابی فائرنگ پر حملہ آور فرار ہوگئے، مگر جاتے جاتے وہ دونوں اہلکاروں کا اسلحہ اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کی قیادت میں پولیس پارٹی ایف سی کے ہمراہ جائے وقوع پر روانہ ہوگئی۔

## پشین میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

پشین (نامہ نگار) پشین کے نواحی علاقے کلی تورہ شاہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، تفصیلات کے مطابق کلی تورہ شاہ کا رہائشی عبدالقاہر ترین ولد نور علی اپنی موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ اس دوران مسلح افراد نے فائرنگ کر کے زخمی کردیا، جو بعد ازاں ہسپتال لیجاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا، مزید تفتیش پشین لیویز کررہی ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی، کلرک کالونی میں مکان پر دستی بم سے حملہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں کلرک کالونی میں دستی بم پھینک دیا تاہم اس کے پھٹنے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کی کلرک کالونی میں مراد علی کے گھر کے سامنے نامعلوم افراد نے دستی بم پھینک دیا تاہم اس کے پھٹنے سے کوئی جانی نہیں ہوا واقع کے بعد پولیس و سیکورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کرلی تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔


INTEKHAB QUETTA


## تمبو میں قبائلی تصادم‘ فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق‘ دو زخمی

**واقعہ کلوئی ڈپ کے مقام پر ایک ہی قبیلے کے دو گروپوں میں پیش آیا‘ پولیس ذرائع**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں ایک ہی قبیلے دو گروپوں میں مسلح تصادم کے نتیجے میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق اور دو زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق تمبو منجھو شوری پولیس تھانہ کی حدود کلوئی ڈپ کے مقام پر کلوئی رند قبیلے کے دو گروپوں میں فائرنگ سے سمندر خان کلوئی رند ہلاک اور دو افراد زخمی ہوگئے پولیس نے لاش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 5

Daily: Zamana Quetta

Dated: 05 OCT 2025 Page No. 16


## شیرانی: فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن

بلوچستان کے علاقے شیرانی میں سکیورٹی فورسز کی بروقت اور بہادرانہ کارروائی نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کے جوان وطن کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ کارروائی بھارتی پراکسی کے طور پر سرگرم دہشت گردوں کے خلاف کی گئی، جس کے دوران سات دہشت گرد ہلاک اور بھاری مقدار میں اسلحہ و بارود برآمد ہوا۔ یہ واقعہ پاکستان کو درپیش اندرونی اور بیرونی سازشوں کی سنگینی کو نمایاں کرتا ہے۔ دشمن عناصر نہ صرف سرحدوں پر بلکہ ملک کے اندر بھی انتشار اور بدامنی پھیلانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ تاہم پاکستانی افواج اور سکیورٹی ادارے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ان سازشوں کو ناکام بنا رہے ہیں۔ جوانوں کی قربانیاں ہماری قومی بقا اور سلامتی کی ضمانت ہیں۔ پہلگام واقعہ اور پھر معرکہ حق میں شکست کے بعد سے بھارت پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی کوششیں کر رہا ہے۔ بھارت کی جانب سے خاص طور پر بلوچستان کو ہدف بنایا جا رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ قوم یکجہتی اور استقامت کا مظاہرہ کرے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فورسز کی نہیں بلکہ پوری قوم کی اجتماعی جدوجہد ہے۔ دشمن کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے عوام اور اداروں کو ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہوگا۔ شیرانی میں آپریشن ایک پیغام ہے کہ پاکستان اپنی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا اور دہشت گردی کی ہر کوشش کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

llet No. 5

Dated: 05 OCT 2025 Page No. 17

# Proper management

Balochistan, presents a stark paradox: it is a region blessed with immense strategic importance and vast reserves of natural resources, yet it remains the most impoverished part of the country. With multidimensional poverty afflicting approximately 70% of its population, the deprivation felt across its sprawling districts is not merely an economic footnote; it is a full-blown national crisis fuelled, primarily, by systemic mismanagement and a crippling failure of governance. The statistics are damning. Balochistan consistently ranks lowest on key socio-economic indicators, including the Human Development Index (HDI), literacy rates, and access to basic services. While geography the province's scattered population and arid landscape undoubtedly poses logistical challenges, the real obstacle is the structural inefficiency of its political economy. Year after year, despite receiving substantial federal allocations under the National Finance Commission (NFC) Award, the provincial government struggles with basic fiscal discipline. A deep dive into the budget reveals the core issue: a disproportionate chunk of provincial resources is consumed by non-development expenses, such as rising salaries and ballooning pension costs. This leaves the development budget (Public Sector Development Programme or PSDP) chronically under-resourced. Even when funds are allocated for development, the historically low rate of utilization with reports of up to 40% of funds lapsing annually points to a catastrophic breakdown in planning, execution, and monitoring. This under-spending is not benign; it is the active denial of schools, hospitals, roads, and clean water to the very people who need them most. Furthermore, the structure of local governance, often characterized by clientelism and the dominance of traditional tribal elites, ensures that development funds frequently bypass the general populace and are distributed as political favors. The people of Balochistan rightly question why their province produces significant percentages of the country's natural gas and houses mega-projects like the Gwadar Port, yet local communities benefit minimally, if at all. This lack of resource equity transforms resource wealth into a political grievance. To reverse this tragic trend, the Government of Balochistan and federal authorities must shift from mere rhetoric to radical institutional reform. It is essential that government must implement immediate, transparent reforms to curb non-development spending and, critically, ensure 100% utilization of the development budget through stringent oversight and time-bound project completion mechanisms. Similarly, prioritize investment in high-quality education and healthcare, focusing particularly on far-flung rural areas. Development in Balochistan must be people-centric, not just infrastructure-centric. Balochistan is the future gateway for regional connectivity and a repository of national wealth. Allowing its development deficit to persist is not only economically wasteful but politically destabilizing. The time for business-as-usual is over; the province demands, and deserves, extraordinary attention and genuine commitment to equitable governance.

CamScanner